© rasailojaraid.com

اخبار الجامعہ

# جامعہ میں نئے تعلیمی سال کا آغاز اور شرائط داخلہ

دو ماہ کی سالانہ تعطیلات کے بعد جامعہ میں نئے تعلیمی سال کا آغاز مورخہ ۱۴ شوال ۱۴۱۸ھ بمطابق ۱۴ فروری ۱۹۹۸ سے کر دیا گیا ہے ۔ تمام شعبہ جات میں نئے طلبہ کا داخلہ جاری ہے ۔ داخلہ محدود اور میرٹ پر کیا جارہا ہے ۔ خواہشمند امیدواران اپنے سرپرست کے ہمراہ فوری رابطہ کریں ۔ اور اپنے سرپرست کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور سکول سرٹیفکیٹ بھی لائیں ۔ شعبہ حفظ میں داخلہ کیلئے پرائمری پاس اور ناظرہ قرآن مجید پڑھا ہونا ضروری ہے ۔ شعبہ تجوید و قرات میں حافظ قرآن ہونا شرط ہے ۔ اور قسم الدراسات الاسلامیہ ( ورس نظامی ) میں مڈل پاس ہونا ضروری ہے ۔ امیدوار کو انٹرویو اور تحریری و زبانی ٹیسٹ میں کامیابی کے بعد داخلہ ملتا ہے ۔

جامعہ میں طلبہ کی تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت کا بھی خصوصی اہتمام کیا جاتا ہے علاوہ ازیں طلبہ میں فن خطابت کا جوہر اجاگر کرنے کیلئے ہفتہ وار بزم ادب ہوتی ہے جس کے نگران جامعہ کے استاذ مولانا محمد اوریس فاضل مدینہ یونیورسٹی ہیں ۔ اور مطالعہ کا ذوق و شوق بیدار کرنے کیلئے جامعہ کی مرکزی لابریری ( المکتبۃ المرکزیہ ) روزانہ عصر تا مغرب کھولی جاتی ہے ۔ جس کی نگرانی مولانا عبدالصبور صاحب فاضل جامعہ علوم اثریہ ہیں ۔ طلبہ کے مطالعہ و مذاکرہ کی نگرانی مولانا احمد علی صاحب فاضل ام القری یونیورسٹی مکہ مکرمہ کے سپرد ہے ۔ طلبہ کی نماز با جماعت اور تربیتی امور کی نگرانی حضرت مولانا محمد اکرم جمیل صاحب کرتے ہیں ۔ مطعم کی نگرانی کے فرائض جامعہ کے نئے استاذ مولانا سید قطب شاہ صاحب جو گذشتہ سال جامعہ علوم اثریہ سے فارغ التحصیل ہوئے ہیں انجام دے رہے ہیں ۔ جبکہ نئے طلبہ کا داخلہ مولانا محمد عبد اللہ صاحب صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی کرتے ہیں ۔ اسی ٹیم ورک کا نتیجہ ہے کہ اس وقت جامعہ کا تعلیمی ماحول بہت پر سکون اور خوشگوار ہے

دور جدید کے تقاضوں کے پیش نظر جامعہ میں عصری ( دنیوی ) تعلیم کا بھی باقاعدہ اہتمام ہے ۔ جامعہ کے آٹھ سالہ کورس ( درس نظامی ) میں پڑھنے والے طلبہ کیلئے ( انگریزی ، ریاضی اور سائنس ) کے پیریڈز بھی رکھے گئے ہیں ۔

## اثریہ مڈل سکول بطور امتحانی سنٹر

جامعہ میں اثریہ مڈل سکول کیلئے مختص وسیع اور کشادہ کمروں اور ہال کی وجہ سے امسال محکمہ تعلیم نے پرائمری کے امتحانات کیلئے بطور سنٹر منظور کرلیا ہے اور اس دفعہ پرائمری کا سالانہ امتحان اثریہ مڈل سکول میں ہوا ۔ سنٹر کیلئے مقرر نگران عملہ نے جامعہ کی شاندار اور پر شکوہ عمارت دیکھ کر دلی خوشی کا اظہار کیا ۔ امتحان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیلئے پرسکون ماحول اور بہترین انتظام کرنے پر انہوں نے منتظمین جامعہ کا شکریہ ادا کیا۔
انہوں نے کہا کہ اگر جہلم کے تمام سکولوں کے طلبہ کیلئے اسے بطور سنٹر مقرر کر دیا جائے توامتحانی نکتہ نظر سے یہ عمارت بہت موزوں ہے۔

## جامعہ اثریہ للبنات میں فاضل عربی کلاس کا اجراء

امسال جامعہ میں میٹرک پاس طالبات کیلئے فاضل عربی کلاس کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ جامعہ کے باقی شعبوں میں بھی (ثانویہ عامہ، ثانویہ خاصہ، عالیہ اور عالمیہ) میں بھی داخلہ جاری ہے۔ داخلہ بڑا محدود اور میرٹ پر ہوتا ہے۔ مڈل پاس اور زبانی اور تحریری ٹیسٹ میں کامیابی پر ہی داخلہ ملتا ہے۔
اثریہ مڈل سکول (برائے طالبات) میں بھی داخلہ جاری ہے۔

## جہلم میں دو مساجد کی تعمیر نو

تنظیم المساجد الاثریہ کے تحت جامع مسجد السلوی اہلحدیث کریم پورہ روڈ نزد ایس پی ہاؤس جہلم کی تعمیر نو کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ گلی اونچی ہونے کی وجہ سے بارش کا پانی مسجد میں داخل ہو جاتا تھا۔ اس لیے مسجد کی تعمیر ناگزیر ہوگئی تھی۔ اب نئے نقشہ کے مطابق مسجد کو کشادہ اور وسیع کرنے کے ساتھ ساتھ مستورات کیلئے گیلری بھی بنائی جائیگی۔ اس تعمیر کمیٹی میں صوفی غلام سرور صاحب، شیخ محمد اسحاق صاحب، راجہ نذیر صاحب ماسٹر محمد شریف صاحب شامل ہیں۔
مسجد بلال اہلحدیث، شمالی محلہ جہلم بہت چھوٹی ہونے کی وجہ سے اس کے بانی حافظ بلال صاحب نے اپنے گھر سے مزید جگہ دے کر اسے کھلا اور کشادہ کرنے کی غرض سے اس کی تعمیر نو کا آغاز کر دیا گیا ہے۔
اسکی تعمیر کمیٹی میں حاجی اختر حسین صاحب، استاد محمد ریاض صاحب اور ارشد فاروق سیٹھی صاحب کا نام قابل ذکر ہے۔

## اہلحدیث یوتھ فورس کھوھار کا انتخاب

اہلحدیث یوتھ فورس کھوہار کا اجلاس مورخہ ۸ فروری ۱۹۹۸ مدنی مسجد اہلحدیث کھوھار میں زیر صدارت مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں شیخ محمد اسحاق صاحب اور شیخ محمد اعجاز صاحب نے بھی شرکت فرمائی۔ تلاوت قرآن پاک کے بعد حافظ عبدالحمید عامر نے درس قرآن و حدیث میں عقیدہ و عمل کی اہمیت بیان کی۔ اس کے بعد اے۔ وائی۔ ایف کے مقامی یونٹ کے عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا۔
۱۔ صدر۔ ملک محمد اقبال۔ ۲۔ نائب صدر عبدالروف۔ ۳۔ سیکرٹری۔ محمد الیاس۔ ۴۔ جوائنٹ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سیکرٹری ۔ عبدالغفار ۔

## کھوہار میں جلسہ سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

مورخہ یکم مارچ بروز اتوار بعد از نماز عشاء مدنی مسجد اہلحدیث کھوھار میں سیرۃ النبیؐ کے مقدس موضوع پر جلسہ زیر صدارت رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب منعقد ہوا ۔ اتباع سنت اور سیرۃ النبیؐ کے عنوان پر علامہ محمد مدنی صاحب، پروفیسر حافظ عبدالستار حامد صاحب ( وزیر آباد ) اور حافظ عبدالحمید عامرؔ نے خطاب کیا ۔ جلسہ حاضری اور انتظامات کے لحاظ سے کامیاب رہا ۔

## شنکریلہ میں درس قرآن وحدیث

گذشتہ دنوں بعد از نماز عشاء محمد ارشد صاحب کی دعوت پر شنکریلہ میں حافظ عبدالحمید عامرؔ صاحب نے قرآن و حدیث کی روشنی میں عقیدہ توحید کے موضوع پر خطاب کیا ۔ اس پروگرام میں شیخ محمد اسحاق صاحب اور شیخ محمد اعجاز صاحب نے بھی شرکت کی ۔

## جامع مسجد اہلحدیث صندل روڈ گوجرخان میں درس قرآن و حدیث

گزشتہ دنوں خطیب مسجد مولانا محمد عارف صاحب کی دعوت پر رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب نے درس قرآن ارشاد فرمایا ۔ پروگرام میں اہل علاقہ نے بھرپور شرکت کی ۔ علامہ صاحب نے مسجد کے آگے برآمدوں کی تعمیر پر دلی اطمینان کا اظہار کیا ۔ یاد رہے کہ برآمدوں کی تعمیر میں مقامی لوگوں نے بھرپور تعاون کیا ہے اللہ قبول فرمائے ۔

## الحاج میاں عبدالخالق صاحب کی وفات حسرت آیات

فضل ہسپتال سول لائن جہلم کے بانی اور ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ صاحب کے والد محترم جناب الحاج میاں عبدالخالق صاحب رمضان المبارک میں عمرہ پر گئے ہوئے تھے کہ مکہ مکرمہ میں اس دنیائے فانی سے منہ موڑ کر اللہ کے حضور پہنچ گئے ۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ۔

اگلے روز مورخہ ۱۵ جنوری ۱۲ رمضان المبارک بروز جمعرات بعد نماز عصر بیت اللہ میں انکی نماز جنازہ پڑھائی گئی جسکے بعد انہیں جنت المعلی میں دفن کردیا گیا

مرحوم بڑی خوبیوں کے مالک تھے ۔ نہایت خلیق ۔ ہنس مکھ ۔ منکسر المزاج ، بڑے نیک ، صالح صوم و صلوۃ کے پابند اور بے ضرر قسم کے انسان تھے انکی اچانک وفات سے جہلم کی جماعت ایک مشفق سرپرست اور بہترین معاون سے محروم ہوگئی ہے

© rasailojaraid.com